09/05/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ اعجازہ اختر سے خبریں سُنئے

حملہ

پاکستان نے کل دیر رات جموں کشمیر کے ستواری ، سانبہ ، آر ایس پورہ اور ارنیہ علاقوں کی طرف میزائل چلائے ۔ دفاعی ذرائع نے کہا کہ بھار ت کے ائیر ڈیفنس یونٹ نے ان سبھی میزائلوں کو نا کام بنایا ۔ پاکستان نے بین الاقوامی سرحد کے متصل جموں ، پٹھان کوٹ اور ادھمپور علاقوں کو بھی نشانہ بنایا تاہم اس واقعے میں کسی جانی نقصان کی کوئی اطلاع نہیں ہے ۔

در اندازی

ا س دوران بی ایس ایف نے کل رات گیارہ بجے کے قریب جموں ڈویژن کے سانبہ سیکٹر میں در اندازی کی ایک کوشش کو نا کام بنایا ۔ دفاعی ذرائع نے بتایا کہ چوکس BSF اہلکاروں نے بر وقت کاروائی کر کے کم سے کم سات در اندازوں کو ہلاک کرنے کے علاوہ پاکستان کی ایک چوکی کو تباہ کر دیا ۔ بھارتی فوج نے کہا ہے کہ وہ اپنے ملک کی خود مختاری اور سالمیت کی حفاظت کے تئیں پر عزم ہے اور کسی بھی طرح کی تخریبی کاروائیوں کا منہ توڑ جواب دیا جائے گا ۔

خارجہ سیکریٹری

خارجہ سیکریٹری وِکرم مسری نے کہا ہے کہ پاکستان کی شبیہ عالمی دہشت گردی کے ایک مرکز کے بطور بنی ہوئی ہے ۔ نئی دلی میں ایک پریس بریفنگ کے دوران انہوں نے کہا کہ اگر پاکستان نے مزید کوئی کاروائی کی تو بھارت اس کا مناسب جواب دے گا ۔انہوں نے کہا کہ تناو کی اصل وجہ پہلگام دہشت گردانہ حملہ ہے جس کے عوض بھارت نے اپنی جوابی کاروائی کی ہے۔ دریں اثناءوزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے آج چیف آف ڈیفنس سٹاف کے علاوہ فوج کی تینوں شاخوں کے سربراہوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی ۔ ۔

لیفٹنٹ گورنر

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے جموں کشمیر کی سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا ۔ اس سلسلے میں انہوں نے چیف سیکریٹری اٹل ڈلو ، DGP نلن پربھات ، محکمہ داخلہ کے پرنسپل سیکریٹری چندریکھر بھارتی اور دیگر متعلقہ پولیس و سول انتظامیہ کے افسروں کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کی ۔افسروں نے لیفٹنٹ گورنر کو فیزیکل انفراسٹرکچر ، عوامی سلامتی اور سائبر سیکورٹی جیسے امور کی نسبت سے تفصیلی جانکاری دی ۔ منوج سنہا نے امن و قانون میں خلل ڈالنے کی کوششوں اور غلط خبریں اور معلومات کے پھیلاو کو روکنے کے لئے انتہائی چوکسی کے ساتھ نمٹنے کی ہدایت دی ۔

سکول

جموں کشمیر سرکار نے آج اور کل کے لئے تمام سکولوں ، کالجوں اور یونیورسٹیوں کو بند رکھنے کا اعلان کیا ہے ۔ اس بات کی جانکاری تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں دی ۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ سوموار کو صورتحال کو دیکھتے ہوئے اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ آیا تعلیمی ادارے واپس کب کھولے جائیں ۔

ریل

موجودہ صورتحال کے پیش نظر بھارتی ریلویز نے جموں سے ادھمپور کے درمیان خصوصی ریل گاڑیاں چلانے کا منصوبہ بنایا ہے ۔ 04612 نمبر کی 24 ڈبوں والی ریل گاڑی جموں سے صبح پونے گیارہ بجے چلا کر ے گی جبکہ بیس کوچوں والی وندھے بھارت ریل گاڑی جموں کے راستے سے ادھمپور سے پٹھان کوٹ کے لئے دن میں بارہ بج کر 45 منٹ پر چلا کرے گی ۔ ایک اور خصوصی ٹرین جموں سے شام سات بجے چلا کرے گی ۔

حج

جموں کشمیر سٹیٹ حج کمیٹی کے ایگزیکٹو آفیسر ڈاکٹر شجاعت احمد قریشی نے اطلاع دی ہے کہ آج سرینگر ہوائی اڈے سے 640 عازمین کو لے جانے والی دو حج پروازونکومنسوخ کیا گیا ہے ۔ نئے شیڈو ل کا اعلان بعد میں کیا جائے گا ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اَٹل ڈلو نے تمام متعلقہ محکموں کی ایک اعلیٰ سطحی میٹنگ کے دوران سالانہ شری امرناتھ جی یاترا کے پُرامن اور منظم اِنعقاد کے لئے کی جا رہی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ انہوں

نے متعلقہ محکموں سے یاتریوں کے لئے کی جانے والی سہولیات کی پیش رفت کی تفصیلات حاصل کیں۔لیفٹیننٹ گورنر کے پرنسپل سیکرٹری اور شرائن بورڈ کے سی اِی او ڈاکٹر مندیپ کمار بھنڈاری نے یاترا 2025 کی تیاریوں پر تفصیلی پرزنٹیشن دی۔

IUST

اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی اونتی پورہ کی طرف سے قومی تعلیمی پالیسی 2020 کے اہداف کے تحت اونتی پورہ کے ایک سکول میں آفات سے نمٹنے کے لئے ایک جانکاری پروگرام کا انعقاد کیا ۔ پروگرام کا اہتمام یونیورسٹی کے سول انجینئرنگ کے شعبے نے کیا تھا جس کی صدارت سینئر اسسٹنٹ پروفیسر انجینئر محمد اقبال مرزا نے کی جنہوں نے ناگہانی آفات سے متعلق ایک بصیرت افروز تقریر کی ۔

شاہراہ

ایک روز کے لئے بند رہنے کے بعد سرینگر جموں قومی شاہراہ کو دو طرفہ ٹریفک کے لئے بحال کر دیا گیا ہے ۔کل صبح سات بجے بھاری پسیاں اور چٹانے کھسک آنے کے نتیجے میں شاہراہ کو ٹریفک کے لئے بند کر دیا گیا تھا ۔ ہمارے کولگام کے نمائندے نے ایس ایس پی ٹریفک ٹنل سے آج ملبے کو صاف T2 نیشنل ہائی وے راجا عادل حمید کا حوالہ دے کر خبر دی ہے کہ کر دیا گیا اور اس طرح سے نیشنل ہائی وے دو طرفہ ٹریفک کے لئے کھول دی گئی ہے ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ